# پیش لفظ

مرض سیلیئک پر مبنی یہ جامع کتاب طبّی قارئین اور مریض دونوں کے لیے یکساں طور پر معلوماتی ہے۔ طبّی قارئین، چاہے وہ انڈر گریجویٹ ہوں، پوسٹ گریجویٹ یا عملی معالج، ان کے لیے یہ کتاب انسان کی عمر کے مختلف مراحل میں اس مرض کی موجودگی اور اس کے مختلف علامات کو واضح کرتی ہے، جو بظاہر بیماری سے غیر متعلق دکھائی دیتی ہوں۔

یہ کتاب ڈاکٹروں میں اس بیماری کے بارے میں آگاہی کی کمی کو اجاگر کرتی ہے، جس کی بنیادی وجہ ان عام علامات کا اکثر نہ پایا جانا ہے، خاص کر بعض اوقات بالغ مریضوں میں، جس کی وجہ سے تشخیص میں تاخیر ہوتی ہے۔

اہم معلومات کو آسان اور مختصر جملوں میں "اہم نکات" کے تحت نمایاں کیا گیا ہے۔

مریضوں کے لیے کھانے کے انتخاب، ممنوع اور مجاز غذائی اشیاء کی فہرست، تقاریب، شادیوں، اور سفر کے دوران گلوٹن سے پاک کھانے کے بارے میں مناسب مشورے دیے گئے ہیں۔ اس بیماری کے نفسیاتی اور سماجی اثرات پر بھی بحث کی گئی ہے۔ ہمارے معاشرے سے مطابقت رکھنے والی گلوٹن سے پاک کھانوں کی تراکیب بھی فراہم کی گئی ہیں۔

یہ کتاب تمام عام معالجین اور خاص طور پر ماہر امراض اطفال کے لیے لازمی مطالعہ ہے۔

توقع ہے کہ مریضوں کے لیے یہ اردو اشاعت زیادہ مقبول ہو گی۔

**ڈاکٹر خواجہ صادق حسین، ایم بی بی ایس، ایف سی پی ایس، ایف آر سی پی**

پروفیسر آف میڈیسن

سابق پرنسپل، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج ، لاہور، پاکستان

بانی، پاکستان سوسائٹی آف گیسٹرواینٹرولوجی اینڈ جی آئی اینڈوسکوپی